سوال

مسلمان خاوند کی صفات

جواب

الحمد للہ

ہم سوال کرنے والی بہن کے مشکور ہیں کہ وہ ایسی صفات تلاش کر رہی ہے جو اسے ایک نیک و صالح خاوند اختیار کرنے میں مدد و معاون ثابت ہوں ان شاء اللہ، ذیل میں ہم وہ اہم اور ضروری صفات ذکر کرتے ہیں جو آپ کے اختیار کردہ خاوند میں ہونا ضروری ہیں یا جسے آپ اپنے لیے خاوند اور اپنی اولاد کے لیے باپ بنانا چاہتی ہیں اگر اللہ نے آپ کو اولاد کی نعمت سے نوازا ہماری دعا ہے آپ کو ان دونوں نعمتوں سے نوازے

دین :

یہ ایسی صفت ہے جو اس شخص میں پائی جانی چاہیے جس سے آپ شادی کرنا چاہتی ہوں، اس لیے وہ خاوند مسلمان ہو اور اپنی زندگی کے سارے امور میں اسلامی تعلیمات کا التزام کرتا ہو، اور عورت کے ولی کو بھی چاہیے کہ وہ ظاہر کو مت دیکھے بلکہ اس امر کو ضرور تلاش کرے اور دین دیکھے اور سب سے اعلی اور بڑی چیز اس کے متعلق دریافت کرنے والی یہ ہے کہ آیا وہ نماز ادا کرتا ہے یا نہیں

کیونکہ جو شخص اللہ کے حقوق ضائع کرنے والا ہو وہ مخلوق کے حقوق کو زیادہ ضائع کرنے والا ہوتا ہے، اور مومن شخص اپنی بیوی پر ظلم نہیں کرتا، کیونکہ جب وہ بیوی کو پسند کرتا اور اس سے محبت کرتا ہے تو اس کی عزت کرتا ہے اور اس اگر اس سے محبت نہ بھی کرے تو اس کی توہین نہیں کرتا اور نہ اس پر ظلم کرتا ہے

اور اس کا وجود غیر مسلموں میں بہت ہی کم پایا جاتا ہے اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

اور البتہ مومن غلام مشرک سے زیادہ بہتر اور اچھا ہے چاہے (مشرک) تمہیں پسند ہو.

اور فرمان باری تعالی ہے :

یقینا تم میں سے اللہ کے ہاں سب سے زیادہ عزت و اکرام والا متقی و پرہیزگار ہے .

اور ایک مقام پر اللہ رب العزت کا فرمان ہے :

اور پاکباز عورتیں پاکباز مردوں کے لیے ہیں، اور پاکباز مرپاکباز عورتوں کے لیے ہیں .

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جب تمہارے پاس ایسا شخص آئے جس کے دین اور اخلاق کو پسند کرتے ہو تو اس کی شادی کر دو، اگر ایسا نہیں کرو گے تو زمین میں عظیم فتنہ وفساد بپا ہو گا"

سنن ترمذی حدیث نمبر (866) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح سنن ترمذی حدیث نمبر (1084) میں اسے صحیح قرار دیا ہے

دین کے ساتھ اچھے خاندان والا بھی ہونا چاہیے، اور اس کا نسب نامہ معروف ہو، چنانچہ اگر عورت کے ہاں دو مردوں کے رشتے آئیں اور دونوں ہی دین میں برابر ہوں تو ان میں سے اچھے خاندان والا جو اللہ کے احکام پر عمل کرنے میں مشہور ہو اس کو مقدم کیا جائے، جبکہ دوسرے کو دین کی وجہ سے افضل نہیں کیا جائیگا کیونکہ خاوند کے اقربا کا نیک و صالح ہونا اس کی اولاد پر اثرانداز ہوگا، اور پھر اصل اور نسل کا اچھا ہونا بہت ساری خرابیوں سے دور لے جاتا ہے، اور آباء و اجداد کی نیک و صالح ہونا پوتوں کے لیے بھی فائدہ مند ہوتا ہے

اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے :

اور رہی دیوار تو وہ دو یتیم بچوں کی تھی جو شہر میں تھے اور اس کے نیچے ان کا خزانہ تھا، اور ان دونوں کا والد نیک و صالح تھا، چنانچہ تیرے رب نے چاہا کہ وہ دونوں بالغ ہو جائیں اور اپنا خزانہ نکال لیں، یہ تیرے رب کی جانب سے رحمت ہے .

دیکھیں کہ اللہ سبحانہ و تعالی نے کس طرح ان بچوں کے باپ کی موت کے اس کا مال محفوظ رکھا جو کہ والد کے نیک و صالح اور متقی ہونے کی وجہ سے اس کی عزت و اکرام تھا، تو اسی طرح نیک و صالح خاندان سے اور عزت و تکریم والے والدین سے خاوند اختیار کرنے میں بھی اللہ تعالی اس کے معاملات کو آسان کریگا اور والدین کی عزت و اکرام کی وجہ سے اس کی حفاظت فرمائیگا

اس کا مالدار ہونا بھی بہتر ہے جس کی وجہ سے وہ اپنے آپ اور اپنے گھر والوں کی عفت کو محفوظ رکھ سکتا ہے کیونکہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالی عنہا کو تین اشخاص کے متعلق مشورہ دیتے ہوئے فرمایا تھا :

رہا معاویہ تو وہ تنگ دست ہے اس کے پاس مال نہیں "

صحیح مسلم حدیث نمبر (1480).

اس میں یہ شرط نہیں کہ وہ تاجر اور غنی ہی ہو، بلکہ یہی کافی ہے کہ اس کے پاس آمدنی کا ذریعہ ہو، یا پھر اتنا مال ہو کہ وہ اپنی اور اپنے گھر والوں کی عفت کو محفوظ رکھے اور لوگوں سے مستغنی ہو، اور اگر ایک مالدار رشتہ ہو اور دوسرا دین والا تو پھر دین والے کو مال پر مقدم کیا جائیگا

اور یہ مستحب ہے کہ وہ شخص نرم دل اور عورت کے لیے رحمدل ہو، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فاطمہ بنت قیس رضی اللہ تعالی عنہا کو مندرجہ بالا حدیث میں فرمایا تھا :

" رہا ابو جھم تو وہ اپنی لاٹھی اپنے کندھے سے نیچے نہیں رکھتا "

یہ اس طرف اشارہ ہے کہ وہ عورتوں کو کثرت سے زدکوب کرتا ہے

اور بہتر ہے کہ ہونے والا خاوند بدن کا صحیح اور عیب سے پاک ہو مثلا بیماریوں وغیرہ اور عاجزی و بانجھ پن وغیرہ سے

اور مستحب ہے کہ وہ کتاب و سنت کا عالم ہو، اگر ایسا ہو تو یہ بہتر ہے وگرنہ اس جیسا شخص ملنا مشکل ہے

عورت کے لیے رشتہ آنے والے شخص کو دیکھنا مستحب ہے جس طرح مرد کو لڑکی دیکھنی مستحب ہے، اور اسے ظاہری طور پر محرم کی موجودگی میں دیکھا جائے، اور اس میں حد سے تجاوز نہیں کرنا چاہیے کہ وہ اسے علیحدگی میں اکیلی دیکھے یا اس کے ساتھ اکیلی گھومنے پھرنے نکلے، یا پھر بغیر کسی ضرورت کے کئی ایک بار ملاقات کرے

عورت کے ولی کےلیے مشروع ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری میں موجود لڑکی کےلیے کوئی اچھا رشتہ تلاش کرے اوراس کے ساتھ رہنے والوں اوراس کو جاننے والوں سے دریافت کرے جس کے دین اورامانت کا اسے اعتبار ہو، تاکہ وہ اس رشتہ کے متعلق اسے صحیح رائے دیں سکیں

اس سب کچھ سے قبل اللہ تعالی سے دعا کرنی چاہیے کہ اللہ تعالی اس کے معاملہ میں آسانی پیدا کرے اوراسے کوئی اچھا اختیار کرنے کی توفیق دے اوراسے رشد وہدایت نصیب فرمائے، پھر اس کے بعد وہ کسی ایک شخص کے متعلق فیصلہ کرے، اوراس کےلیے استخارہ کرنا مشروع ہے

نمازاستخارہ کا طریقہ معلوم کرنے کےلیے آپ سوال نمبر (2217) کے جواب کا مطالعہ کریں، اور پھر پوری کوشش صرف کرنے کے بعد اللہ پر توکل کریں، یقینا وہ بہت ہی اچھا مددگار ہے

ماخوذاز: جامع احکام النساء تالیف مصطفی العدوی اس میں کچھ زیادہ بھی کیا گیا ہے

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ آپ کے معاملہ میں آسانی پیدا فرمائے اورآپ کو رشد عطا کرے، اور آپ کو نیک وصالح خاوند اوراولاد نصیب فرمائے، یقینا وہ اس پر قادر ہے اوراس کا ولی ہے اوراللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے

واللہ اعلم.